General Certificate of Secondary Education
Higher Tier
June 2013

Urdu

46451HT

Unit 1 Listening Test Transcript

H

Thursday 16 May 2013 9.00 am to 9.45 am approximately (including reading time)

FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

Time allowed

- 40 minutes + 5 minutes reading time before the test

- **The pauses are pre-recorded for this test.**

A

This is what you should do for each item.

- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- Answer **all** questions in **English**.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do not write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the recording has started, the Invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes reading time, are pre-recorded.

***If** candidates ask any questions at this point, the Invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

M2 :1 آپ کے شہر میں ایک میلہ لگنے والا ہے۔ جہاں پر آپ دنیا کے مختلف ملکوں سے لائے گئے رنگ برنگے خوبصورت پھول دیکھ سکیں گے۔ یہ میلہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو شروع ہوگا اور ایک مہینے تک جاری رہے گا۔ پانچ سال سے کم عمر کے بچّوں کا داخلہ مفت ہوگا۔

F2 :2 میرا سب سے پسندیدہ مضمون جسمانی تعلیم ہے کیوں کہ اس میں لکھنے پڑھنے کے علاوہ اچّھی خاصی ورزش بھی ہوجاتی ہے جو اپنے آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے بہت ضروری ہے۔

F1 :3 **Example:** ندیم! آپ چھٹیوں میں کیا کرنا پسند کرتے ہیں۔

M2 میں تاریخی جگہیں دیکھنے چلا جاتا ہوں۔

نائلہ! آپ کیا کرتی ہیں؟

F2 میں تو ہر صبح تازہ ہوا کا مزہ لینے کے لیے کھلے میدانوں کی طرف پیدل نکل جاتی ہوں اور یہ ہی میری تندرستی کا راز ہے۔

عامر! آپ اپنا وقت کیسے گزارتے ہیں؟

M1 میں اپنے دوستوں کے ساتھ پہاڑوں پر چڑھتا ہوں۔ میں انگلستان کے سب مشہور پہاڑوں پر چڑھ چکا ہوں۔

اور نجمہ آپ؟

F1 مجھے کھانا پکانا بالکل نہیں آتا ہے۔ اس لیے میں سیکھنے کے لیے ہفتے میں دو دن کھانا پکانے کی کلاس میں چلی جاتی ہوں۔

سمیر آپ کیا کرتے ہیں؟

M2 میں شطرنج کھیلنے کے لیے کلب چلا جاتا ہوں کیوں کہ اس کھیل میں بہت سوچنا سمجھنا پڑتا ہے اور اچھی خاصی ذہنی ورزش بھی ہوجاتی ہے۔

F2 :4 میں اپنی موسمِ سرما کی چھٹّیوں میں پاکستان گئی تھی۔

F2 :5 میرے چچازاد بھائی کی شادی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ میں اس شادی میں ضرور آؤں۔

F2 :6 زندگی میں پہلی بار تمام رشتہ داروں سے مل کر مجھے بے حد خوشی ہوئی۔

F2 :7 وہاں میرا وقت اتنا اچھا اور تیزی سے گزرا کہ میرا واپس آنے کا بالکل دل نہیں چاہتا تھا۔ پتا ہی نہیں چلا کہ ایک ماہ کیسے گزر گیا۔

M1 8: **Example:** ماریہ! آپ گھر میں اپنے والدین کی کس طرح مدد کرتی ہیں؟

F2 چھٹّی والے دن میں گھر کی صفائی کرتی ہوں کیوں کہ مجھے صاف ستھرا گھر اچھّا لگتا ہے۔

آمنہ! آپ کون سے کام کرتی ہیں؟

F1 میں ہر اتوار کو سب گھر والوں کے لیے ناشتہ تیار کرتی ہوں۔ میری امّی کہتی ہیں کہ اس طرح میں کھانا پکانا سیکھ جاؤں گی۔

اچّھا عُمیر بتائیں آپ کیا کرتے ہیں؟

M2 میں تو ہر ہفتے گھر میں جس چیز کی ضرورت ہو وہ لینے بازار چلا جاتا ہوں اور ضرورت کی تمام چیزیں لے آتا ہوں۔

M2 9: میں جہاں رہتا ہوں وہ بہت ہی پرسکون علاقہ ہے۔ یہاں کسی بھی قسم کا شور نہیں ہوتا کیوں کہ یہ شہر کے مرکز سے بہت دور ہے۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ یہاں پر سفر کرنے کا کوئی مناسب انتظام ابھی تک نہیں ہے۔

F2 10: خواتین وحضرات! آپ کی فضائی میزبان جہاں آرا آپ سے مخاطب ہے اور آپ کو خوش آمدید کہتی ہے۔ پندرہ منٹ میں ہمارا جہاز پرواز کرنے کے لیے تیار ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ آپ جہاز کے کسی بھی حصّے میں تمباکونوشی نہ کریں، حفاظتی بند باندھ لیں اور اپنا دستی سامان آگے والی کرسی کے نیچے رکھ دیں شکریہ۔ مجھے امید ہے کہ آپ کا سفر خوشگوار گزرے گا۔

M2 11: میری اردو اتنی اچھی نہیں ہے کیوں کہ میری پیدائش برطانیہ کی ہے۔ آج کل میں اپنی والدہ سے اردو سیکھ رہا ہوں۔ اس زبان کو سیکھنے کی دو وجوہات ہیں۔ ایک تو یہ میری مادری زبان ہے دوسرے یہ زبان کسی ایک علاقے کی نہیں بلکہ پاکستان کی قومی زبان بھی ہے۔

F1 12: میں ٹیلی ویژن زیادہ نہیں دیکھتی لیکن دس بجے کی خبریں ہمیشہ دیکھتی ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ میں موجودہ حالات کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں۔ اس طرح مجھے معلوم ہو جاتا ہے کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔

M1 میں ایسے پروگرام بڑے شوق سے دیکھتا ہوں جس میں پروگرام پیش کرنے والے اداکاروں، گلوکاروں یا کھلاڑیوں سے بات چیت کرتے ہیں۔ میں ان مشہور لوگوں کی زندگی میں بڑی دلچسپی لیتا ہوں۔

F2 ٹیلی ویژن کے ذریعے آپ دنیا کے مختلف ممالک اور وہاں پر رہنے والوں کی زندگی کے متعلق دیکھ سکتے ہیں۔ مجھے جنگلی جانوروں کے بارے میں پروگرام دیکھنا بے حد پسند ہے۔

Turn over ▶

M2 مجھے تو وہ پروگرام اچھے لگتے ہیں جس میں حقیقت دکھائی جا رہی ہو۔ مثلاً چند لوگوں کو ایک جزیرے پر بھیج دیا جاتا ہے اور پھر ہر ہفتے ان لوگوں کے کام وغیرہ کو دیکھ کر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کس کو گھر بھیج دینا چاہیے۔

M2 **13:** ہم جس دنیا میں رہتے ہیں وہ ہماری زندگی کی تمام ضروریات پوری کرتی ہے۔ اس لیے بہت ضروری ہے کہ ہم اس کی حفاظت کریں۔

M1 وہ کیسے؟

M2

- وہ اس طرح کہ گاڑیوں کا استعمال کم سے کم کریں۔ اپنے اسکول یا دفتر پیدل جائیں۔
- جتنا ممکن ہو سکے درخت زیادہ سے زیادہ لگائیں۔ اس سے ماحول کی آلودگی میں کمی ہوگی۔
- باہر کے ملکوں سے منگوائی ہوئی چیزیں نہ خریدیں۔
- استعمال کی ہوئی چیزوں کو دوبارہ استعمال کرنے کی کوشش کریں۔ بس یہی اپنے ماحول کو بہتر بنانے کا آسان طریقہ ہے۔

F1 **14:** **Part one:** غزالہ! کیا بات ہے آپ بہت چپ اور پریشان سی لگ رہی ہیں؟

F2 کیا بتاؤں میری تو راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔ نِدا کی شادی کا وقت قریب آ گیا ہے اور ابھی تک تیاریاں مکمل نہیں ہوئی ہیں۔

F1 کیا مطلب آپ تو کئی سالوں سے اس کا جہیز جوڑ رہی تھیں۔

F2 ہاں سب کچھ تو جمع کر رکھا ہے لیکن لڑکے والوں کے مطالبات کی فہرست ہی ختم نہیں ہو رہی ہے۔

F1 **Part two:** توبہ! ایسے لالچی لوگوں کو تو میں اپنی بیٹی کبھی نہ دوں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ان لوگوں کو لڑکی کے بجائے اس کو ملنے والی چیزوں میں زیادہ دلچسپی ہے۔ آپ ختم کر دیں اس رشتے کو۔

F2 ہائے! یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں مجھے آپ سے اس بات کی بالکل توقع نہیں تھی۔ اب یہ رشتہ توڑنا تو ناممکن ہے کیوں کہ دنیا والے ہمارا جینا مشکل کر دیں گے۔

F1 **Part three:** یہ سب بیکار سی باتیں ہیں۔ معاشرے کی تمام پرانی رسموں اور اس قسم کی سوچ کو بدلنا ہوگا اور یہ کام صرف تعلیم کے ذریعے ہی ہو سکتا ہے۔

END OF TEST

Copyright © 2013 AQA and its licensors. All rights reserved.